بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ اول

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا سالانہ اجلاس عام جمعہ ۲۱/اپریل کو قرآن آڈیٹوریم اتاترک بلاک' نیو گارڈن ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوا۔ یہ پروگرام بحمد اللہ تعداد شرکاء کے اعتبار سے بہت بھرپور اور حوصلہ افزا تھا۔ ایجنڈے کے مطابق اس اجلاس عام کے تمام پروگرام بحسن وخوبی انجام پائے۔ اس کی ایک اجمالی رپورٹ زیر نظر شمارے میں شامل کر دی گئی ہے۔ ہماری یہ روایت بھی رہی ہے کہ مرکزی انجمن کے سالانہ اجلاس کے موقع پر انجمن کی سالانہ رپورٹ بھی شرکاء کو ارسال کی جاتی ہے اور وہ "سالانہ رپورٹ" مکمل شکل میں یا اس کے چیدہ چیدہ حصے "حکمت قرآن" میں بھی شائع کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ حسب روایت سالانہ رپورٹ کا ایک بڑا حصہ بھی زیر نظر شمارے میں ہدیہ قارئین کیا جارہا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆

مرکزی انجمن کے ایک مؤسس رکن اور ہمارے قابل احترام بزرگ چوہدری نصیر احمد وِرک صاحب چند ماہ پیشتر' ۱۱ دسمبر ۹۴ء کو' ہمیں داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ گو ان کے انتقال کی اطلاع تنظیم اور انجمن کے مرکزی دفاتر میں بروقت پہنچ گئی تھی اور صدر مؤسس نے ہی ان کی نماز جنازہ بھی پڑھائی تاہم بعد میں اندازہ ہوا کہ بہت سے احباب تک ان کی انتقال کی اطلاع نہیں پہنچی۔ اسی کی تلافی کے طور پر' خاصی تاخیر ہونے کے باوجود' اب ان کے وصال کی اطلاع شائع کی جارہی ہے۔ انجمن کی تاسیس کے وقت سے ہی ورک صاحب مرحوم کا شمار محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا تھا۔ مرحوم نے دوران زندگی اعلیٰ سرکاری عہدوں پر کام کیا اور ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد کچھ عرصے کے لئے مرکزی انجمن کے ناظم اعلیٰ بھی رہے۔ اپنی عمر کے آخری حصے میں مرحوم خرابی صحت کے باعث قریباً صاحب فراش ہو گئے تھے' لیکن "رجوع الی القرآن" کی اس تحریک سے ان کی دلچسپی کا یہ عالم تھا کہ وہ وصال سے تین ماہ قبل شدید علالت اور کمزوری کے باوجود ۱۶ ستمبر ۹۴ء کے اجلاس انجمن میں شرکت کے لئے باہتمام تشریف لائے۔ اپنے انتقال

(باقی صفحہ ۱۳ پر)